# اسلامیات

## باب پنجم

## ہدایت کے سر چشمے / مشاہیر اسلام

## حضرت موسیٰ علیہ السلام

**س1: حضرت موسیٰؑ کا ابتدائی تعارف بیان کریں۔**

ج حضرت موسیٰؑ اللہ تعالیٰ کے جلیل القدر پیغمبر ہیں جو بنی اسرائیل کی طرف بھیجے گئے۔ آپؑ کا لقب **"کلیم اللہ"** ہے۔ آپؑ کے والد کا نام عمران تھا۔ آپؑ مصر میں پیدا ہوئے۔

**س2: نجومیوں نے فرعون کو کیا بتایا؟**

ج: نجومیوں نے فرعون کو بتایا کہ بنی اسرائیل میں ایک بچہ پیدا ہوگا جو اس کا سبب بنے گا۔ اس لیے وہ بنی اسرائیل میں پیدا ہونے والے لڑکوں کو قتل کروا دیتا تھا اور لڑکیوں کو زندہ چھوڑ دیتا۔

## حضرت موسیٰؑ کے معجزات بیان کریں؟

ج الله تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ کو دو بڑے معجزات عطا فرمائے

ایک وہ جب آپؑ اپنی لاٹھی پھینکتے تو وہ بہت بڑا سانپ بن جاتا تھا اور دوسرا جب آپؑ اپنا ہاتھ اپنے گریبان سے نکالتے تو وہ روشن ہو جاتا تھا۔

## حضرت موسیٰؑ کی پرورش کہاں ہوئی؟

ج حضرت موسیٰؑ کی پرورش فرعون کے محل میں ہوئی۔

## فرعون کا انجام کیا ہوا؟

ج حضرت موسیٰؑ بنی اسرائیل کو فرعون کی غلامی سے نکال کر مصر کی طرف روانہ ہو گئے۔ فرعون بھی اپنی فوج کے ساتھ بنی اسرائیل کے تعاقب میں آ رہا تھا۔ حضرت موسیٰؑ اپنے ساتھیوں سمیت دریا سے گزر گئے۔ مگر فرعون اپنے لشکر سمیت دریا میں غرق ہو گیا۔

## 2 خالی جگہ پر کریں۔

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام ........ مصر ........ میں پیدا ہوئے۔

(ب) اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کوہ طور پر بلایا اور ........ تورات ........ عطا فرمائی۔

(ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کا نام ........ بنی اسرائیل ........ تھا۔

(د) حضرت موسیٰ علیہ السلام کا لقب ........ کلیم اللہ ........ ہے۔

(ہ) مدین میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حضرت ........ شعیب ؑ ........ نے اپنے ہاں رکھا۔

3 کالم "الف" کو کالم "ب" ...

# حضرت عمرؓ

**س 1: حضرت عمرؓ نے کب اسلام قبول کیا؟**

**ج** رسول کریمؐ نے اللہ تعالیٰ سے حضرت عمرؓ کے مسلمان ہونے کی دعا کی۔ اللہ تعالیٰ نے یہ دعا قبول فرمائی اور آپؓ نبوت کے چھٹے سال اسلام لے آئے۔

**س 2: حضرت عمرؓ کو فاروق کا لقب کیوں عطا ہوا؟**

**ج** حضرت عمرؓ کے اسلام لانے سے پہلے مسلمان چھپ کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے تھے۔ آپؓ مسلمان ہوئے تو آپؓ کے ساتھ دیگر مسلمانوں نے خانہ کعبہ میں اعلانیہ نماز ادا کی اسی لیے رسولؐ نے آپؓ کو فاروق کا لقب عطا کیا۔ جس کے معنی ہے: حق و باطل میں فرق کرنے والا۔

**3** کالم ''الف'' کو کالم ''ب'' سے ملائیں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| (الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام | حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بھائی |
| (ب) مصر کے بادشاہ کو | بنی اسرائیل کی طرف بھیجے گئے۔ |
| (ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد کا نام | ید بیضا تھا۔ |
| (د) حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ایک معجزہ | عمران تھا۔ |
| (ہ) حضرت ہارون علیہ السلام | فرعون کہا جاتا تھا۔ |

2 خالی جگہ پر کریں۔

الف حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد کا نام خطاب تھا۔

ب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا زمانہ خلافت اسلامی فتوحات کا ایک سنہری دور تھا۔

ج ایران اور روم حضرت عمرؓ کے دور میں فتح ہوئے۔

د حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجرموں کو سزا دینے کے لیے جیل خانے قائم کیے۔

س 3: حضرت عمرؓ کی ہجرت کی نمایاں بات کیا تھی؟

ج حضرت عمرؓ کی ہجرت کی نمایاں بات یہ تھی کہ اکثر مسلمانوں نے کفار مکہ کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے مدینہ منورہ کی طرف چھپ کر ہجرت کی تھی۔ حضرت عمر فاروقؓ نے اعلانیہ ہجرت کی مگر کسی میں آپؓ کو روکنے کی ہمت نہ تھی۔

س 4: حضرت عمرؓ کے کوئی دو کارنامے لکھیں۔

ج 1) آپؓ نے پولیس کا محکمہ اور ڈاک کا نظام قائم کیا۔ 2) مجرموں کو سزا دینے کے لیے جیل خانے قائم کیے۔

س 5 حضرت عمرؓ کی عاجزی کی کوئی مثال دیں۔

ج آپؓ عاجزی اور انکساری سے زندگی بسر کرتے تھے۔ ایک مرتبہ جب آپؓ بیت المال کے اونٹوں پر تیل مل رہے تھے تو ایک شخص نے کہا، اے امیر المؤمنین! یہ کام کسی غلام سے کروا لیتے۔ آپؓ نے کہا کہ مجھ سے بڑھ کر غلام کون ہو سکتا ہے؟ جو شخص مسلمانوں کا والی ہو وہ ان کا غلام بھی ہوتا ہے۔

## 3 کالم ''الف'' کو کالم ''ب'' سے ملائیں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| الف حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت | خطاب تھا۔ |
| ب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد کا نام | حق و باطل میں فرق کرنے والا۔ |
| ج فاروق کا معنیٰ ہے: | تقریباً چالیس سال پہلے مکہ مکرمہ میں پیدا |
| د حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہجرت مدینہ سے | حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یوم شہاد |
| ہ یکم محرم 24 ہجری | ابو حفص تھی۔ |